از دفتر مہتمم جنگلات تجدید ڈویژن مظفر آباد

★★★

نمبر 1166-71 مورخہ 11-2-2020

میسرز:۔

راجہ محمد صدیق خان اینڈ کو،

مالک کشمیر فلورہ نرسری فارمز مظفر آباد آزاد کشمیر

عنوان:۔ ورک آرڈر برائے فراہمی وسپلائی پودہ جات تجدید ڈویژن مظفر آباد زیر منصوبہ TBTTP-AJK Component

تحریر ہے کہ آپ نے مورخہ 04-11-2019 کو بسلسلہ فراہمی وسپلائی بتفصیل ذیل پودہ جات انراخ فی پودہ مختلف اقسام معہ کل مالیت پیش کیے۔

Pl do the needful

نمبر شمار	قسم پودہ جات	تعداد	سائز پودہ جات	نرخ فی پودہ	کل مالیت	مقام وصولی
01	دیودار / کائل	90000	"9 سے زائد	15.99/-	1439100/-	فارسٹ نرسریز دیولیاں ،گڈوار، کٹھائی ولمنیاں، فارسٹ پارک بھروڑہ
02	چیڑھ	300000	"9 سے زائد	15/-	4500000/-	---//----
03	یوکلپٹس/ کچنار وغیرہ	20000	'2 سے زائد	11.90/-	238000/-	---//----
04	کیکر	80000	"3.5 سے زائد	14.90/-	1192000/-	---//----
05	دروہ	145000	"3.5 سے زائد	14.90/-	2160500/-	---//----
06	منوں	5000	"3.5 سے زائد	13.90/-	59500/-	---//----
07	شیشم، باڑی	10000	"3.5 سے زائد	14.90/-	149000/-	---//----
	میزان	**6,50,000**			**97,48,100/-روپے**	

12-2-2020

M. Amjad Yousaf

12/2/2020

آمدہ انراخ وتصریحات کا مجوزہ کمیٹی نے بنظر عمیق مورخہ 06-12-2019 تا 08-12-2019 مختلف نرسریز کا موقع ملاحظہ کیا۔ آپ کی طرف سے پیش کردہ انراخ کل مالیتی -/97,48,100 (ستانوے لاکھ اڑتالیس ہزار ایک صد) روپے کا متذکرہ کمیٹی نے تکنیکی اور مالیاتی جائزہ لیتے ہوئے آپ کے پیش کردہ انراخ اور تکنیکی لحاظ سے پودوں کی فراہمی اور سپلائی کو موزوں قرار دیا۔

دفتر ہذا سے زیر نمبر 1024-25 مورخہ 14-01-2020 جناب ناظم تجدید جنگلات مظفر آباد سرکل کو 6,50,000 (چھ لاکھ پچاس ہزار) پودوں کی فراہمی وسپلائی کل رقمی -/97,48,100 (ستانوے لاکھ اڑتالیس ہزار ایک صد) روپے کی تکنیکی ،انتظامی و مالیاتی منظوری کے علاوہ مرتب شدہ Bid Evaluation رپورٹ کو مطابق AJK PPRA رولز متعلقہ ویب

سائٹ پر مشتہر کرنے کے لیے تحریک کی گئی۔

دفتر ہذا کی تحریک پر سیکرٹریٹ جنگلات، اکلاس، وائلڈ لائف وفشریز سے زیر نمبر س ج/73-2020/1169 مورخہ 04 فروری 2020 بمنشاء آزاد جموں وکشمیر ڈیلیگیشن آف فنانشل پاور رولز 2011ء، سیکنڈ شیڈول پارٹ ۔II محکمہ جنگلات کے قاعدہ 10 کے تحت مالیاتی وانتظامی منظوری فرمائی جا چکی ہے۔اس بابت آپ کو بذریعہ Letter of Acceptance 63-1161 مورخہ 2020-02-10 رضامندی برائے حصولگی ٹھیکہ کیلئے تحریر کیا گیا ہے۔جس کے جواب میں آپ نے اپنی تحریر رضامندی محررہ 2020-02-11 کو دفتر ہذا میں پیش کی ہے۔مطابق منظوری وتحریری رضامندی آپ کے حق میں تابع شرائط ذیل ورک آرڈر جاری کیا جاتا ہے:۔

شرائط:

1) جملہ پودوں کی فراہمی/سپلائی مطابق تصریحات کرنا ہوں گی۔
2) آپ جملہ پودہ جات ورک آرڈر کی اجرائیگی سے اندر ایک ماہ فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔
3) دفتر ہذا پودہ جات کی مقام وصولی پر فراہمی اور بعد از شمارگی صرف صحت مند پودہ جات کی ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔
4) نکاسی وترسیل پودہ جات ڈویژن ہذا کے نمائندہ کی موجودگی میں ہی قابل قبول ہوگی۔
5) پودہ جات صرف محکمہ کی طرف سے منتخب کردہ مقامات پر وصول کیے جائیں گے۔
6) آزاد کشمیر میں رائج الوقت ٹیکسز کی کٹوتی کرتے ہوئے بل کی ادائیگی عمل میں لائی جائے گی۔
7) آپ ٹینڈر نوٹس، Biding Document اور معاہدہ نامہ کی تمام شرائط کے مطابق عمل درآمد کرنے کے پابند ہوں گے۔
8) محکمانہ تصریحات کے مغائر ناقص پودہ جات کی فراہمی/سپلائی اور اندر معیاد کام مکمل نہ کرنے کی صورت میں زرضمانت بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے مطابق قواعد دیگر کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔
9) آپ کل مالیت ٹھیکہ کا 5 فیصد بطور Performance Guarantee بشکل CDR اندر ایک ہفتہ دفتر ہذا میں جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

مھتمم تجدید جنگلات

نقل بالا بخدمت:

1) جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔
2) جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔
3) ناظم صاحب جنگلات تجدید سرکل مظفرآباد بغرض اطلاع۔
4) چیف صاحب پلاننگ محکمہ جنگلات فوکل پرسن (AJK-PPRA) مرسلھو کر تحریر خدمت ہے کہ Contract Award AJK-PPRA Report کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کا اہتمام فرمایا جائے۔
5) ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر صاحب تجدید ڈویژن مظفرآباد برائے اطلاع۔
6) آفس کاپی۔